# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد مورخہ۔ 29 اکتوبر 2022

قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 45 کرم-I میں ضمنی انتخابات 30 اکتوبر 2022 کو ہوں گے۔اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ افسران ریٹرننگ افسران سے پولنگ بیگ وصول کریں گے پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سیکورٹی فراہم کرے گی اور انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہے گی۔ حلقے میں قائم 143 پولنگ اسٹیشنز پر سیکورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔پولیس، ایف سی اور پاک فوج کے اہلکار لاء اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی صاف اور واضح تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسران کو وائٹس ایپ (WhatsApp) پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسران کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کریں گے اور ان فرانزک (Forensic) تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کریں گے۔ الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔

ریٹرننگ افسر نے خصوصی کنٹرول روم قائم کیا ہے جو پولنگ کا عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتا رہے گا، کنٹرول روم میں ریٹرننگ افسر کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، پولیس ایف سی اور پاک فوج کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تاکہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول رومز قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلا تعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| مرکزی کنٹرول روم، الیکشن کمیشن اسلام آباد | فون نمبر 051-9204403----051-9210837<br>051-9204402----051-9210838<br>فیکس نمبر 051- 9204404<br>ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com |
| صوبائی کنٹرول روم خیبر پختونخوا، پشاور | فون نمبر 091-9222475,091-9211036<br>ای میل ایڈریس electionbranchkpk@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO<br>این اے-45 کرم-I | فون نمبر 0926-310722, 0333-9171983 |

Scanned with CamScanner